
25¢

FORTNIGHTLY TORONTO

CRESCENT

VOL.3,NO.21 | AN URDU-ENGLISH NEWSPAPER TO SERVE PAKISTANI COMMUNITY IN CANADA & USA | JANUARY 15, 1975



روضۂ امام حسین علیہ السلام

"اگر میری لغزش کر جاتے، عزیزوں اور بچوں کی محبت مجھے
بہکا دیتی تو اللہ کی خوشی مجھ سے دور نہ تھی، مگر یہ تو
ایک بات ہے کہ مسلمانوں کے لئے قربانی کی سب و کچھ ہوتا"

حسین

FORTNIGHTLY
Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada
EDITOR: Lateef Owaisi
Telephone (416) 690-1590 "The Voice of 30,000 PAKISTANIES living in Canada & U.S.A."

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا

HOLD FAST ALL OF YOU TOGETHER TO THE ROPE OF ALLAH AND DO NOT CREATE DISUNITY AMONG YOURSELVES

CALAMITOUS CLAIMS IN THE PAKISTAN DEATH VALLEY

The earthquake that shook Northern Pakistan on Dec. 27, was both violent and devastating. Quakes and tremors have occured in the karakoram range before but after a few jolts and with little or no damage have petered out to allow the people to resume normal peaceful life. This one, however, striking in the early hours of Dec. 27, was different. The tremors were heavy and prolonged, crumbling mud and stone houses upon their sleepy occupants. Big boulders hurled along the moutain slopes smashing everything in their way with electrifying speed.

The reports so far have put the total death [illegible] at 61[illegible]0 , with with 19,000 injured and an estimated 70,000 uprooted or displaced. These figures, unfortunately, may prove to be low as rescue teams slowly make their way to remote villages in what is now called 'the death valley' of Pakistan. In a region where life is simple and [illegible] from a few meagre possessions like an axe to chop wood, some pots and pans and perhaps a goat, the comfort of life is the company of loved ones and relatives. With a death toll of 6,700 , most people have lost one or two relatives and have seen almost all their humble belongings destroyed in a few cruel jolts. With thousands more injured and some crippled permanently, the will to survive may also have suffered a heavy blow. It will now take a long time to repair as people slowly begin to pick up the pieces of a shattered and disrupted life.

In the last six years, Pakistan has suffered tragedies with alarming frequency. Human follies have been compounded by natural calamities with cruel regularity exacting a heavy toll. The strikes in '68-69 effectively destroyed the economic development of previous years in Pakistan. In 1970 a devastating cyclone in former East Pakistan left 500,000 dead and millions more destitute and homeless. As if that was not enough, the civil war of 1971 erupted with tragic consequences, leaving Pakistan in ruins and humiliation. While Pakistanis were still tending the wounds of war and praying for their loved ones in captivity, heavy floods swept the plains of Punjab and Sindh in August '73 wiping out crops, houses and drowning hundreds of poor peasants. During the floods, the villagers in the mountains sat high and dry reflecting on the misery of their fellow men in quiet contemplation. They could not anticipate that they were to be the next victims when heavy boulders started to smash their way turning the refuge of the mountains into a grave-yard on that fatal morning of Dec. 27. Soon after the first reports reached Islamabad, relief operations started quickly but were hampered by high winds and bad weather. The only road leading into Pattan – the area most affected by the earthquake, was blocked with boulders and rocks that had rolled down the mountain slopes. Those people that had died could no longer be helped but tending the wounded and injured became a problem as did digging and burying the dead; for disease is quick to strike when there is lack of food and shelter. The government of Pakistan has responded with a sense of urgency: army teams and medical units have been flown to the area and the small fleet of helicopters has been used round the clock to ferry relief supplies to the stricken areas. Help and contributions would be required as the relief operations expand to cover all affected areas.

THE MOST PRESSING NEEDS AT THE MOMENT, APART FROM CASH DONATIONS, ARE TENTS, BLANKETS, AND THE FOLLOWING ITEMS IN MEDICINES: LAMONTIL, ENTEREOVIOFORM, ALL KINDS OF ANTIBIOTICS, CODEIN, TRANQUILIZERS, SPLINTS AND TONS OF PLASTER OF PARIS FOR THE BROKEN OR FRACTURED LIMBS.

Friendly governments, particularly Libya, Saudi Arabia and United Arab Emirates have been very generous with their donations and every Pakistani will thank them for their concern and care. But despite their generosity, there is still an urgent need for all of us to make our own contributions towards the relief and rehabilitation efforts of the Pakistan government.

Further tremors have already shaken the remaining confidence of these terrified people and indications are that more quakes may recur for some time. Fear and uncertainty has thus forced people to sleep in the open in sub-zero temperatures with little or no protection at all. Most villagers are clad in little more than a shirt and shalwar (trousers), with a few lucky ones also possessing a traditional light sheet barely enough to cover half the body. There are few blankets or tents available at the moment to protect them from the cold and windy nights of the mountains. The days and months ahead will therefore be very difficult and trying: lack of food, shelter and medicine will cause discomfort, disease and even death. Thus must be prevented if another and more grave and prolonged tragedy is to be averted.

The Pakistan government has appealed for international help to tackle the crisis; it needs all the help it can get not only to face the immediate problem when the tragedy makes sensational news, but in the months ahead when the process of rehabilitation will be in process. The thousands of broken limbs – some damaged permanently, will take a long time to heal and meanwhile this has to be financed. Regardless of the contributions of friendly countries, we must not fail in our duty and make every effort and sacrifice for the victims of this latest tragedy.

The most pressing needs at the moment, apart from cash donations, are tents, blankets and the following items in medicines: Lamontil, Entereovioform, all kinds of antibiotics, codein, tranquilizers, splints and tons of plaster of Paris for the broken or fractured limbs.

Please help in anyway you can and help generously and soon! We thank you and God will know.

ZAFAR BANGASH

Democratic Pakistan

A new English periodical, Democratic Pakistan, has started publishing from London. Edited by Mr. M. K. Janjua, a former Air Commodore of the Pakistan Air Force, the periodical represents the National Awami Party of Pakistan, seeks to inform primarily the world opinion about developments and happenings inside Pakistan and secondly the progressive, democratic and concerned Pakistanis outside the country. The current issue (October 1974) reproduces the opposition leader, Wali Khan's speech in the National Assembly and a documentary article, 'Savagery in Practise' from the now-banned Karachi weekly, Outlook

Rumi

BY NEJAT MORAL

Come, come, whatever you are, it does not matter,
Whether you are an infidel, an idolator or a fire worshipper,
Come, our convent is not a place of despair,
Come even if you have violated your word,
A hundred times, come again.

– RUMI

TO MANY people the phrase "whirling dervish" brings to mind a picture of a strangely costumed character frantically spinning around in a mystical frenzy. Their name comes from Maulana Jalaluddin Rumi who founded the religious order in the 13th century.

When he was a boy, he travelled a lot with his father, eventually ending up in the great Seljuk city of Konya—in the central Anatolia, South of Ankara. The order was open to all men of good behaviour who could complete a probationary period of a thousand and one nights of continuous service, and who promised to dedicate their lives to achieve union with God by meanst of a mystical dance.

This dance is demonstrated to the public every December in the town of the dervishes—Konya. This year marks the 701st anniversary of the Maulana's death and is being commemorated by public ceremonies daily.

The Maulana, a symbol of humanity, after training, presented himself as an example. He tried to eliminate blind fanaticism and spent his life in a struggle for the progress of himself as a complete human being. Keeping aloof from the people holding high but ephemeral office, he tried to train and excite interest in the mental development of the people surrounding him. The Maulana was greatly respected by everybody. He presented himself before the people as a lesson book with its every page open to them. He trained the people not with preaching or advice but through his fine, fanciful and thought provoking verse, which was full of admonitions. His efforts were devoted towards guiding the people in order to increase the number of perfect people who were so urgently needed by the society. He did his utmost to raise the moral of those simple people who took for granted that they were cultured and enlightened. Understanding that fanatical ignorance was the cause of the mundane and the spiritual backwardness of the people, he waged a continuous struggle to banish these ills from the society. Being convinced of the need to save these people he would never let an opportunity pass when he could chastise these elements.

The ceremony is held in the festively decorated hall of a large gymnasium. Brightly coloured streamers stretch across the ceiling from one end of the room to the other. The dervishes dance here. At one end of the hall there is a raised stage for the musicians and chanters to accompany the dancers. Directly at the back of the stage is a garishly lit-up picture of the Maulana. The hall is packed with people of every description including foreigners with their cameras and flash guns. The programme begins with introductory speeches. Most of these are in Turkish. English translations of some is also given for the benefit of the foreigners. The musicians and the chanters take their places on the stage. Sitting cross-legged on thick rugs they play a few selections of classical Turkish music. Their instruments include reed flutes, zithers, tomborines, drums and rebecks

Finally, after lot of waiting, the music changes with a sudden clap and the dervishes who have been standing solemnly at the side-lines walk onto the floor. They wear tall, conical hats and long black robes. In celebration of death the caps represent tombstones and the robes tombs. In turn they bow to the next in line, and walking slowly, circle the room three times. The rite starts after this rotation. They throw away their dark tomb-robes, and with them, "their wordly troubles". They, now, appear in long white skirts, white wrap-around blouses and short white jackets. This all-white outfit symbolises their shrouds. During the dance one palm is turned upward, the other downward "in an embrace of God." This position is used to signify that energy runs from God in heaven through the dervish's one hand and comes out through the other to the earth. With half-closed eyes the dancers twirling around on their left heels, circle the room. Their movement is smooth and balanced. It seems as though they are being spun by a powerful force outside their bodies. Their skirts gracefully twirl outward in steady undulating patterns as the dancers circle the room in complex patterns around the head dervish who remains whirling in the centre. He is the sun and they are the planets revolving themselves and rotating around him. Though inches away from each other, they never touch each other. After the dance has been repeated thrice, the music fades. Then the chanting of the Sheikh and the chanters' responses reverberate through the hall. Finally, a mournful cry which is "all the names of God in one" is given and the ceremony is over.

This impressive ceremony has attracted followers of all races. Recently in Konya, three American youths were so moved that they embraced Islam and adopted Turkish names. They, and others like them, come at the invitation Maulana Jalaluddin Rumi gave so many years ago.

Come, come, whatever you are, it does not matter.....

Ties with India improving: No peace if arms disparity exists: N.-plan stepped up: Pakistan for talks with Kabul Bhutto

No compromise on right of Kashmiris

RAWALPINDI, ——RELATIONS BETWEEN PAKISTAN AND INDIA HAD BEEN IMPROVING AND THE TEMPO OF IMPROVEMENT WAS NOT SLOW IF VIEWED IN THE HISTORICAL PERSPECTIVE, PRIME MINISTER ZULFIKAR ALI BHUTTO TOLD CORRESPONDENTS OF FOREIGN NEWS MEDIA AT A RECENT PRESS CONFERENCE IN RAWALPINDI.

At the conference, the excerpts of which were officially released here today, Mr. Bhutto however said that Pakistan was prepared to improve its relations with New Delhi in all other fields but it would not compromise its position on the right of self-determination of the people of Kashmir.

He said, "It is too high a price to pay to exchange diplomats for a settlement of the Kashmir dispute on any principle other than self-determination."

The Prime Minister also warned that any decision taken by India outside the principles of the United Nations and the principle of self-determination would not be binding on Pakistan.

H said that Pakistan had taken several measures deliberately and conscientiously to promote the cause of peace.

But he added, "If India thinks that peace can only come by the total security of India and total insecurity of Pakistan, this is not our interpretation of achieving peace."

Strong secure Pakistan

The Prime Minister said that in view of the turbulent history of the Sub-Continent, there were fears in the minds of the people of Pakistan which had to be allayed. This, he said, could be done by having a strong and secure Pakistan which promotes peace but, at the same time, which knows that peace cannot come if there is disparity and disequilibrium in the military strength of the neighbouring countries.

Mr. Bhutto said that Pakistan's nuclear programme for peaceful purposes had been accelerated but it was not going ahead with a nuclear programme for the explosion of a nuclear device which means a device for military purposes.

He, however said, "If conventional armaments are not supplied to Pakistan under treaty obligations (by the United States) and if the disparity in the conventional armaments increases to the extent that it threatens the stability of the Sub-Continent, it is our duty to take all measures at every sacrifice to protect the stability."

Regarding relations with Bangladesh, he recalled his visit to Dacca with which, he said, he was more than happy.

Question of assets

He said that the leaders in Dacca had then taken an unreasonable stand on the question of assets and liabilities by making fantastic claims on the assets of Pakistan while refusing to accept any liability.

He said that he had agreed to set up a financial commission of both sides on the subject to come to a conclusion on this matter according to a given time-table. But the proposal would not hold good indefinitely and will stand withdrawn. He said that it was for Sheikh Mujibur Rehman's Government to take advantage of it.

About relations with Afghanistan, he said that his Government would be ready to have a dialogue with Kabul but it would not do so at the cost of Pakistan's sovereignty and territorial integrity.—APP.

Daud condoles with President

ISLAMABAD, —— Sardar Mohammad Daud, President of the Republic of Afghanistan, has sent a message of sympathy to President Fazal Elahi Chaudhry on the human and material loss inflicted by the earthquake in northern Pakistan.

President Daud in his message said: "It is with deepest regret that I want to express to Your Excellency my personal grief and sympathy as well as those of the Government and the people of Afghanistan over the human and material loss inflicted by the recent earthquake."

Messages of sympathy have also been received from the Chairman of the National Redemption Council and Head of State of Ghana as well as Gen Gowon the Nigerian President.—APP.

Pak-Libya body finalises recommendations

ISLAMABAD, —— The Pakistan-Libya joint committee of economic, social and cultural experts today formulated its recommendations on a number of subjects aimed at strengthening relations between the two countries.

The committee, which met here in two sessions spread over four hours, held detailed discussions on various subjects. These included constitution of a Libyan-Pakistani chamber of commerce; establishment of a Pakistan-Libya publishing house for publication, translation and distribution of important books on Islam; exchange of teachers, journalists and other experts and exchange of radio and TV programmes.

Mujib sends $10,000

DACCA, ——. Bangladesh today made a donation of $10,000 towards relief for earthquake victims in Pakistan.



Army Jawans busy repairing the earthquake-damaged Karakoram highway in the Indus Valley.

Under Peoples rule



Cheaper oil for Muslim countries

BEIRUT, —— ARAB OIL-PRODUCING COUNTRIES HAVE AGREED TO OFFSET THE HIGHER COST OF OIL FOR ARAB AND ISLAMIC IMPORTING COUNTRIES, INCLUDING BANGLADESH AND PAKISTAN, AN ARAB MINISTER SAID IN AN INTERVIEW PUBLISHED HERE YESTERDAY.

Interviewed by the Lebanese weekly "Al Hawadess", Mr. Said al-Oteiba, Oil Minister of the United Arab Emirates, said the producer countries were paying the difference between the old and new oil prices at least in regard to developing countries.

He said the Arab producers had agreed last year to make up for the difference reflected on the balance of payments of importing countries.

Prices having risen from two to 10 dollars a barrel the Arab producers are paying eight dollars a barrel to Arab importing countries, he said.

Mr. al-Oteiba said that since last November's summit meeting of the Organisation of Arab Petroleum Exporting Countries (OAPEC) at Bahrain the Islamic countries, including Bangladesh and Pakistan, were benefiting from this reimbursement.

گرانی کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے

چینی اور بناسپتی کے کاروبار میں حکومت ۰۰ کروڑ روپے کما رہی ہے

شیخوپورہ کے جلسہ عام میں چوہدری ظہور الٰہی، خواجہ صفدر اور ملک قاسم کی تقاریر

احمدیوں کے لیے ضروری ہے کہ دعا اور تدبیر سے کام لیں

ہماری جماعت خدا پر بھروسہ کی تعلیم دیتی ہے : مرزا ناصر احمد

دس لاکھ سے زیادہ فرزندانِ توحید نے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی

مسلمانانِ عالم کی برتری، سرفرازی اور فتح مندی کے لیے دعائیں مانگی گئیں، ستر ہزار پاکستانیوں نے بھی حج کیا

مسلمان انشاء اللہ بیت المقدس میں فاتحانہ داخل ہوں گے : شاہ فیصل

دنیا بھر کے مسلمان دشمنانِ اسلام کے خلاف متحد ہو جائیں
مسلمانانِ عالم کے نمائندوں کا مطالبہ

زلزلے کی رات ایک سو جھٹکے ریکارڈ کیے گئے

خطرہ ابھی تک مکمل طور پر دور نہیں ہوا - بی بی سی


فلپائن میں اب تک ۰۰ ۵ مسلمان شہید کیے جا چکے ہیں : مولانا الازہری

سیکرٹری جنرل حسن التہامی نے پاکستان کے ایما پر فلپائن کا دورہ کیا تھا


مولانا ہزاروی کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

پاکستانی تارکین وطن تحریک چلائیں گے

عرب ممالک بنگلہ دیش کی مالی امداد کریں گے



فوجی ہیلی کاپٹر امدادی سامان لے کر پہنچ رہے ہیں



پاک فوج نے زلزلہ سے متاثرہ افراد کے لیے فیلڈ ہسپتال قائم کر دیا ہے

زلزلہ زدہ علاقوں میں طبی امداد نہ پہنچنے سے بیماریاں پھیل رہی ہیں

امدادی کاموں کی کمیٹی میں اپوزیشن لیڈروں کو بھی شامل کیا جائے

امداد کا صحیح استعمال ہونا چاہیے ۔ محمود علی قصوری

لاہور ــــ

پولیس کے محاصرے کی وجہ سے اپوزیشن لیڈر مقررہ جگہ پر جلسہ نہ کرسکے


ناظم قیوم بھی پروگرام کے مطابق سرکاری جلسے سے خطاب کرنے کے لیے نہیں آئے

پاکستان کے بارے میں افغانستان کا رویہ تبدیل ہوگیا ہے

دونوں ملکوں کا مفاد دوستی اور خیرسگالی میں مضمر ہے

افغانستان کو ہمارے دوستانہ جذبے کی قدر کرنی چاہیے ۔ وزیراعظم

مولانا سید ضیاء الحسن قبلہ مجتہد دکن کی آمد



حیدرآباد دکن کے مجتہد مولوی سید ضیاء الحسن ضیاء آغا ماہ محرم کی مجلسیں پڑھنے کے لیے ٹورانٹو تشریف لا رہے ہیں۔ موصوف پہلی، دوسری اور تیسری محرم کو اسلامک فاؤنڈیشن واقع 184 RHODES AVE. پر اور ۵، ۶ محرم کو CETENNIAL کالج کے کمرہ نمبر (1177A) میں جو 651 WARDEN AVENUE پر ہے اور ۷ تا ۱۲ محرم 1199 KENNEDY ROAD پر مجالس بیان فرمائیں گے۔ وقت شام ۷ بجے ہوگا۔

ٹورانٹو کے مومنین سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ان مجلسوں میں شرکت کریں۔

Multiculturalism
is a permanent
government policy

ملٹی کلچرل ازم
حکومت کی مستقل
پالیسی ہے

The Public Archives of Canada is part of the Multiculturalism Policy.

کینیڈا کے عوامی محافظ خانے
ملٹی کلچرل ازم پالیسی کا
ایک حصہ ہیں۔

کینیڈا کے عوامی محافظ خانوں نے کینیڈا میں مختلف
تہذیبی اقلیتوں کی دستاویزوں کی بہتر قابو پانے کے لیے
نیشنل ایتھنک آرکائیوز قائم کیے ہیں۔ نیشنل ایتھنک
آرکائیوز کینیڈا کی ثقافتی کمیونٹیوں کی ہمت افزائی
کرتے ہیں کہ وہ اپنے ورثے اور ہر قسم کی پرانی دستاویزوں
کی حفاظت کریں۔ اس لیے کئی زبانوں میں لکھا ہوا قومی
اہمیت رکھنے والا مواد جمع کیا جا رہا ہے۔

کینیڈا کی لکھی ہوئی تاریخ میں انگریز اور فرانسیسی کردار
چھایا ہوا ہے۔ دوسری نسلوں سے تعلق رکھنے والے کینیڈین لوگوں
کے کاموں پر کم توجہ دی گئی ہے۔ اور ان کی تاریخی کتابیں
اکثر کینیڈا کے ماضی کے نامکمل حصے پیش کرتی ہیں۔ اس بگڑی
ہوئی صورتِ حال کی ایک وجہ تحریری دستاویزوں کی قلت
رہی ہے۔

محافظ خانے (ARCHIVES)

کئی نسلی و ثقافتی کمیونٹیوں نے پہلے ہی سے اپنی وراثت
کی قابلِ محفوظ دستاویزوں کو جمع کرنے کا لائقِ تعریف کام
پہلے ہی سے شروع کر دیا ہے۔ نیشنل ایتھنک آرکائیوز ان
گروہوں کے ساتھ مل کر ذخیروں کو چھانٹنے، ان کی وضاحت
کرنے اور انہیں ترتیب دینے کی امید رکھتا ہے۔ تاکہ تحقیق
کام کرنے والے انہیں آسانی سے استعمال کر سکیں۔
نیشنل ایتھنک آرکائیوز پروگرام نسلی و ثقافتی دستاویزوں
کو حاصل کرنے اور انہیں گم ہونے، تلف ہونے یا بوسیدہ

ہونے سے بچانے کے لیے بنایا گیا ہے۔ ماہرین کی ایک جماعت نے
نسلی و ثقافتی تنظیموں، انجمنوں اور افراد سے ربط قائم کر کے
ہمارے ورثے کے اس قیمتی اور اہم پہلو کی دستاویزوں کو جمع کرنا
شروع کر دیا ہے۔
اشیاء کے استعمال پر کوئی پابندی عطیہ دینے والے اور قومی محافظ
خانے کے باہمی مشورے سے لگائی جاتی ہے۔ ہمیشہ احتیاط کی جاتی ہے کہ دستاویزوں
کے صحیح استعمال کا یقین رہے۔
اگر آپ یا آپ کا گروپ یہ معلوم کرنا چاہے کہ کونسی چیزیں جو اس
وقت دستیاب ہیں یا اگر چیزیں محفوظ کرنا ہے تو ذیل کا کوپن کے ساتھ درخواست بھیجئے۔

John Munro
Minister Responsible
for Multiculturalism

John Munro
Ministre chargé
du Multiculturalisme

Co-ordinator,
National Ethnic
Archives,
Public Archives
of Canada,
Ottawa, Ontario
K1A 0N3

Multiculturalisme
MULTICULTURALISM

Name نام

Address پتہ

City or Town شہر یا قصبہ

Province صوبہ

Postal Code

Telephone Area Code ( ) ٹیلی فون



پیکر صبر و استقامت
خوگر تسلیم و رضا. خاتون کربلا
حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی حق گوئی

شہادت کے بعد ابن زیاد نے ... کو ... حضرت زینب نے ... جواب دیا۔ خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں فضیلت عطا فرمائی

سانحہ کربلا تسلیم و رضا اور ایثار و قربانی کی ... یادگار ہے سید الشہداء کے عظیم المرتبت رفیقوں ... ذہنیت اور جرأت و استقلال کی وہ عظیم الشان روایت ...

فلاح انسانی کا راز
حضرت امام حسینؓ کی پیروی میں مضمر ہے

ہر انقلاب حق کی ضمانت حسینؓ ہے

رعنائی بہار حقیقت حسینؓ ہے
صبح ازل کی شام لطافت حسینؓ ہے
کردار جس کا عظمت کردار بن گیا
سب کے لیے نشان ہدایت حسینؓ ہے
اسلام آرزوئے شہادت کا نام ہے
مقصد آرزوئے شہادت حسینؓ ہے
ہر دور میں جلالت ایماں کا بانکپن
ہر انقلاب حق کی ضمانت حسینؓ ہے
زیر سناں بھی حق کی رضا سامنے رہی
واللہ فخر اہل عبادت حسینؓ ہے
شمر و یزید نقش برآب سقر ہے
لیکن بہار گلشن جنت حسینؓ ہے
اک جاوداں مثال جہاد عظیم کی
اک داستان عزم شجاعت حسینؓ ہے
جس نے کیا ہے نخوت باطل کو سرنگوں

بیرونی ملکوں سے وطن لوٹنے والے پاکستانیوں کی سہولت کے لیے متعدد اقدامات کرلیے گئے

برطانیہ میں پاکستانی تارکین وطن کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے

دارالامراء کے رکن لارڈ ایوبری کا حکومت سے سخت احتجاج

مشرق وسطیٰ کے متعدد ممالک کے سربراہ پاکستان کا دورہ کریں گے

پاکستان واپس آنیوالے سائنسدانوں کو نیشنل پے سکیل دینے کی تجویز

سائنس کی قومی پالیسی کے بارے میں سائنسی تنظیموں سے رائے طلب کرلی گئی: ڈاکٹر ایم ایس ایچ صدیقی

آسٹریلیا کی ہاکی ٹیم فروری میں پاکستان آئے گی

آسٹریلیا اور انگلینڈ میں تیسرا ٹیسٹ میچ

ہارجیت کا فیصلہ ہوئے بغیر ختم ہوگیا

شہنشاہ ایران فروری میں پاکستان آئیں گے

مرسل سلیم ظفر

زلزلہ فنڈ کے لیئے ڈنر

ٹورانٹو اور مضافات کے پاکستانی کینیڈینز کی ایسوسی ایشن کی جانب سے جامع مسجد میں ۲۵ جنوری کو شام ساڑھے چھ بجے ڈنر کا بندوبست کیا جا رہا ہے [illegible] ہے۔

ایسوسی ایشن اور پاکستانی زلزلہ ریلیف کمیٹی آئندہ مہینے کے اوائل میں ایک ورائٹی پروگرام بھی پیش کریں گے جس میں [illegible] اور یہاں کے دیگر بہترین فنکار حصہ لیں گے۔

ڈنر اور ورائٹی پروگرام سے اکٹھی ہونے والی رقم پاکستان میں مصیبت زدگان کی بحالی کے لیئے روانہ کی جائے گی۔

پاکستانی کینیڈینز کی ایسوسی ایشن گھر گھر چندہ جمع کرنے کی رضاکارانہ مہم بھی شروع کر رہی ہے۔

جامع مسجد میں اپیل

ٹورانٹو کی جامع مسجد میں برادر حسام بدران اور ڈاکٹر ارشد مجید کی اپیل پر پہلے جمعہ اور اتوار کو نماز کے بعد پاکستان زلزلہ فنڈ کے لیے تقریباً ایک ہزار ڈالر کی رقم اکٹھا ہوئی۔

ٹی پارٹیاں

ٹورانٹو میں بعض درد مند پاکستانیوں نے اپنے گھروں میں دوست احباب کو چائے کی دعوت دی اور ان سے پاکستان زلزلہ ریلیف فنڈ کے لیے چندے کی درخواست کی۔ چنانچہ جناب قادری صاحب نے چھ سو پچیس ڈالر اور جناب رسالدین صاحب نے دو سو پچاس ڈالر جمع کیئے۔

انجمن بزم ادب

ٹورانٹو اور اس کے گرد و نواح میں رہنے والے حضرات و خواتین جو اردو ادب میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کے لیے یہ خبر باعث مسرت ہوگی کہ یہاں انجمن بزم ادب کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے [illegible] سے دس بجے تک درج ذیل نمبر پر فون کیجئے۔

255-9804

(مرسل: [illegible])

عظیم قومی نقصان !

وطن عزیز اسوقت اپنی تاریخ کے بدترین زلزلے سے دوچار ہے اور سوات میں جو قیامت صغرا برپا ہوئی ہے اس نے ہر کونے میں زلزلے سے تباہی کی لرزہ خیز یاد بھی تازہ کردی ہے۔ تقریباً ۷ ہزار افراد ہلاک [illegible] زخمی اور کئی ہزار بےگھر ہوچکے ہیں [illegible] قومی نقصان [illegible]

اگرچہ دوسرے ملکوں نے دل کھول کر ہماری مدد کی ہے مگر اپنی امداد ہمیں اپنے فرائض سے مبرا نہیں کرتی ہمیں توقع ہے کہ پاکستانی تارکین وطن حسب سابق اپنی احسان دوستی اور مصیبت زدہ بھائیوں کی مدد کرنے کی روایات کو تازہ کریں گے اور نہ صرف خود فراخ دلی سے چندہ دیں گے بلکہ کئی دوسرے ذرائعوں سے اتنا فنڈ اکٹھا کریں گے کہ مصیبت زدگان کی بحالی کیلئے کافی ہو اور انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

عطیات اپنے منتخب ذرائعوں سے پاکستان بھجوائیے یا ٹورانٹو میں قائم کئے گئے پاکستان زلزلہ ریلیف فنڈ میں درج ذیل پتے پر روانہ کیجئے۔

ڈاکٹر ارشد مجید (چیرمین زلزلہ ریلیف کمیٹی)

Pakistan Earthquake Relief Fund


BOX 400, STATION 'D', TORONTO
ONTARIO, CANADA M6P 3J9

مسز اندرا گاندھی کا اظہار افسوس

[illegible]

مسجد شہید ہونے سے چالیس نمازی جان بحق ہو گئے

[illegible]



زلزلہ زدہ علاقے میں ایک فوجی [illegible]





وادیٔ سوات
جہاں
آجکل
قیامت صغرا
[illegible]



SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR ACHIEVEMENT AWARD


H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

Complete Real Estate Service Throughout Ontario



میں اردو میں بات کرتے وقت
بے حد فخر محسوس کرتا ہوں

روس اب پاکستان کی پوزیشن کو بہتر طور پر سمجھنے لگا ہے: بھٹو





بھارت اور روس کا مصنوعی سیارہ
اس سال کے وسط میں چھوڑا جائے گا

بلوچستان کی صورتِ حال بہتر ہو چکی ہے

شرپسندوں کے لیے ہتھیار ڈال دینے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں رہا: جام غلام قادر

جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے انتخابات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا

موجودہ مجلس کے ۴۹ ارکان منتخب ہوئے ہیں

افغانستان پاکستان سے مناسب وقت پر مذاکرات کے ذریعے اپنے اختلافات طے کرنا چاہتا ہے: سردار داؤد

عدم مداخلت کے معاہدے کے بارے میں مسٹر بھٹو کی طرف سے ابھی کوئی تجویز موصول نہیں ہوئی

بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے ہاؤسنگ سکیم بنائی جائیں گی

کرسینٹ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

رمز قرآں از حسین آموختیم!

[illegible] الامیہ [illegible] ساتھ کی یاد منا رہی ہے جو [illegible] محرم الحرام [illegible] فرات کے کنارے دشت کربلا میں [illegible] اور حق زمیں انسانی کی [illegible] پر ہمیشہ کے لیے اپنے انمٹ نقوش چھوڑ گیا۔ آج ہم اس بطل عظیم کی خدمت میں درود و سلام کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ جس نے اپنے جگر گوشوں عزیزوں اور ساتھیوں سمیت اس عالمگیر سچائی کی خاطر جام شہادت نوش کیا۔ جو حق کے نام سے موسوم کی جاتی ہے جس کی تبلیغ کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث ہوئے اور جس کے بغیر کائنات کے کسی دائرے اور کسی شعبے میں ذرہ برابر بھی حرکت ممکن نہیں۔ آج ہم اس دن کی یاد منا رہے ہیں۔ جب نواسۂ رسولؐ حق کی تمام تر ناتوانیاں اپنے دامن میں سمیٹے۔ باطل کی تمام تر توانائیوں کے ساتھ ٹکرا گیا۔ شرار بولہبی کی چراغ مصطفویؐ سے شدید ٹکر ہوئی۔ چشم آفتاب نے ایسا خوفناک مقادم دیکھا ہو گا نہ دیکھے گی۔ جب اس معرکہ حق و باطل کا گرد و غبار چھٹا تو زمانے نے چشم حیرت سے دیکھا کہ باطل اپنی تمام تر طاقت سمیت فنا ہو گیا۔ اور حق کو لازوال فتح نصیب ہوئی۔

سانحۂ کربلا اپنی نوعیت کے اعتبار سے اس قدر دلفگار اور غمناک تھا کہ زیادہ تر غم کا پہلو ہی مسلمانوں کی نظر میں رہ گیا۔ اور دوسرے تمام پہلو ان کی نگاہ سے اوجھل ہو گئے چنانچہ اس حادثہ کو ایک ہزار تین سو تیس برس ہو رہے ہیں۔ ادھر محرم کا چاند طلوع ہوتا ہے ادھر گھروں میں نوحہ و ماتم اور نالہ و شیون بلند ہونے لگتے ہیں۔ اور سراپا ماتم بن کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے ابن ابی طالب سے محبت کا حق ادا کیا جاتا ہے۔ جو لوگ اہتمام نالہ و شیون کے قائل نہیں وہ بھی اپنے انداز میں اپنی محفلوں اور اجتماعات میں جگر گوشۂ رسولؐ کے حضور میں عقیدت کے پھول پیش کرتے ہیں۔

حادثۂ کربلا بظاہر صرف اتنا ہے کہ یزید تخت نشین ہوا تو نواسۂ رسولؐ نے اس کی بیعت سے انکار کر دیا۔ وہ اہل کوفہ کی دعوت پر اپنے عزیز و اقارب اور معدودے چند ساتھیوں کے ہمراہ کوفہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ اہل کوفہ نے دغا دیا اور اقتدار وقت کے عالم تخویف و ترغیب اور دھمکیوں میں آ کر باطل کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا۔ اور آپ کا ساتھ چھوڑ گئے۔ اور امام پاک دشت کربلا میں اپنے رفقاء سمیت نہایت مظلومی کے عالم میں انتہائی بیدردی کے ساتھ قتل کر دیئے گئے۔ لیکن درحقیقت معاملہ اس سے کہیں گہرا تھا۔ یزید کی تخت نشینی سے اسلامی نظام حکومت بدل کر رہ گیا تھا۔ اسلام کے پاکیزہ طرز حیات اور عدل و انصاف کے اصولوں کی بجائے [illegible] اور ظلم و استبداد اور اسلامی جمہوری حکومت کی بجائے قیصر و کسریٰ کے طرز حکومت کی بنیاد رکھی جا رہی تھی اس تبدیلی سے پہلی [illegible] مسلمانوں کے حق و [illegible] اور اسلام کے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] آج تک شخصی آمریت اور خاندانی [illegible] کے بوجھ تلے کچھ [illegible] رہے [illegible] ملوکیت، سرمایہ داری اور کیمونزم کے سرابوں میں بھٹک رہے تھے۔ قیصری و کسریٰ [illegible] کی اس کہنہ [illegible] نظام [illegible] کے [illegible] اور باطل [illegible]


پیدا کی تھی اور جس سے [illegible] ہو کر ایک [illegible] ایسا [illegible] [illegible] [illegible] نظام [illegible] رہا تھا۔

نظام حکومت اور دین و شریعت کے اصولوں میں یہ تبدیلیاں ملت کی اجتماعی اور انفرادی زندگی کے ایک ایک گوشے پر اثر انداز ہونے والی تھیں چنانچہ حضرت امام حسینؓ مسلمانوں کے حقوق، اسلامی جمہوریت کے محافظ اور اللہ تعالیٰ کے دین مبین کے پاسبان بن کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے ان تبدیلیوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اگر وہ خاموش رہتے تو قیامت تک کے لیے نظیر قائم ہو جاتی اور یہ وجہ جواز بن جاتی کہ جب یہ تبدیلیاں بروئے کار لائی جا رہی تھیں تو کسی نے تعرض نہیں کیا تھا۔ امام پاک نے اپنی اور اپنے اعزہ و رفقاء کی قربانی دے کر ہمیشہ کے لیے یہ طے کر دیا کہ اسلام میں فسق و فجور، ظلم و استبداد، ملوکیت و آمریت اور قیصر و کسریٰ کے نظام حکومت کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس لیے یہ عظیم قربانی محض بیٹھ کر ماتم و نوحہ خوانی میں ڈوب جانے کی دعوت نہیں دیتی بلکہ یہ سبق دیتی ہے کہ مسلمانوں کو اپنے نظام حیات کے اصولوں پر ثابت قدم رہنا چاہیئے۔ ان اصولوں کی ہر قیمت پر حفاظت کرنی چاہیئے اور ضرورت پڑنے تو ان اصولوں کے تحفظ کے لیے اپنے آپ کو اپنے جگر گوشوں اور اپنی متاع عزیز تک کو قربان کر دینے میں کوئی تامل نہیں کرنا چاہیئے۔

اکابر پاکستان نے عشرۂ محرم کو نہ صرف کامل احترام و احتیاط کے ساتھ منانے کا اعلان کیا ہے بلکہ ہر کلمہ گو سے بطور خاص یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اسوۂ حسینؓ کی پیروی کریں اسوۂ حسینؓ ہمیں اسی دین مبین کی رسی مضبوطی سے تھامنے کا درس دیتا ہے۔ جس کے مطابق زندگیاں گزارنے کی آرزو نے اسلامیان برصغیر کو ایک علیحدہ وطن — پاکستان — سے سرفراز کیا تھا۔ اسوۂ حسینؓ کی پیروی کا وعظ بڑا دلکش اور دلنواز ہے۔ لیکن یہ محض بے مقصد وعظ ہی نہیں رہنا چاہیئے ہمیں اسے عملی صورت دینے کا کوئی اہتمام بھی کرنا چاہیئے۔ پاکستان جس سیاسی بحران سے خون کے غسل لے کر نکلا ہے۔ جن اقتصادی و معاشی بحرانوں اور خطرات کے طوفانوں سے دوچار ہے ان کا یہ تقاضا ہے کہ ارباب اقتدار و اختیار، وابستگان سیاست، ارباب حزب اختلاف، اہل فکر و دانش، اصحاب علم، الغرض معاشرے کا ہر فرد آج یہ عہد کرے کہ ہر کوئی اپنے اپنے مقام پر حسینؓ کے اسوۂ حسنہ کو مشعل راہ بناتے ہوئے اسلامی جمہوریۂ پاکستان میں اسلامی قدروں کے احیاء و فروغ کی ایسی مثبت کوشش کریگا کہ پاکستان ایک ایسے صدر اسلام کی حیثیت اختیار کر جائے جس کے سامنے یہیان وقت اور شرفین [illegible] کو سر اٹھانے کی جرأت نہ ہو۔

[illegible]
[illegible]
عشق، دل و نگاہ کا مرشد اولیں ہے عشق
[illegible]
صدق خلیل بھی ہے عشق صبر حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

اقبال



ہر دور میں اہل ایمان و تقویٰ نے صدائے ایزدی پر لبیک کہی ہے

★ تحریر: وائے ایچ اختر

تخلیق کائنات کے ساتھ ہی خالق کائنات نے دائمی تصور قوت روحانی و قوت حیوانی بھی پیدا فرمائی۔ قوت روحانی کا مقصد وحدہ لاشریک کی عظمت پھیلانا اور عالم انسانیت کو [illegible] اور اس کے وجود میں محبت، اخوت اور یگانگت پیدا کرکے امن اور سلامتی اور ہمدردی کا گہوارہ بنانا اور خالق و مخلوق میں رابطۂ قرب و اطاعت پیدا کرنا ہے اس کے برعکس قوت حیوانی کا منشا و مقصد فسق و فجور، ظلم و ستم، جبر و استبداد اور انتشار و افتراق پیدا کر کے خالق و مخلوق اور مخلوق و مخلوق میں رابطۂ محبت و اخوت کو منقطع کر کے امن و خوشحالی کو درہم برہم اور انسانیت کو تباہی و بربادی سے دوچار کرنا ہے۔ یہ دونوں طاقتیں ازل ہی سے مصروف پیکار ہیں اور تا ابد مصروف پیکار رہیں گی کیونکہ ان کا ٹکراؤ ان کی بعثت و سرشت اور سرشت ہی میں پیدا کر دیا گیا ہے اور اسی میں ثبات کائنات کا منشا ایزدی مضمر ہے۔

خداوند جبروت و تقدس اپنی تمام تر جلالی و قہاری شان و شوکت کے ساتھ حق کا طرفدار اور پشت پناہ ہے اور اس کا وعدہ و قانون ہے کہ آخری و ابدی فتح صرف حق ہی کو حاصل ہوتی ہے لیکن اس نے باطل کو ظاہری ساز و سامان اور مادی و دنیاوی لوازمات فتح و نصرت سے نوازا ہے۔ لیکن دلفریب جلوؤں سے اسے بڑا پرکشش اور جاذب نظر بنایا ہے یہ دونوں قوتیں ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے کوشاں سرگرداں ہیں۔ انسانیت کی ہدایت و راہنمائی کے لئے رب کریم نے اپنے اولوالعزم اور جلیل القدر انبیاء و پیغمبر مبعوث فرمائے اور کتب و صحائف سماوی کی صورت میں تحریری ہدایات نازل فرمائیں جن لوگوں نے پیغام حق پر لبیک کہی انہیں خالق ارض و سما نے دائمی کامیابی کی نوید مسرت دی اور اس سے روگردانی کرنے والے منکروں کو دردناک عذاب کی وعید سنائی۔ منافق اور حق پرستوں کو ہدایت کی کہ دنیا کی فانی و عارضی زندگی کی چمک دمک اور باطل کی آمیزشوں سے اسی طرح بچ کر گزریں جس طرح کوئی محتاط الحال اور غریب الدیار مسافر کسی وادی پر پیچ و خار سے اپنا دامن سمیٹ کر گزر جاتا ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر کاربند رہو۔ اپنے اعمال و کردار سے دنیا سے رنج و آلام، مصائب و تکالیف دور کر کے انسانیت کو ظلمت و عصیان کی اتھاہ گہرائیوں سے نکال کر منزل حق سے روشناس کراؤ اور اس سلسلے میں کسی جانی و مالی قربانی سے دریغ نہ کرو۔ قرآن مجید و فرقان حمید کی سورۃ العصر میں باری تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا کہ صرف وہی لوگ کامیاب و بامراد ہیں جنہوں نے دل و جان سے دین حق کو قبول کیا۔ وہ شاہراہ الہی اور فرمودات خداوندی پر ثابت قدمی سے گامزن رہے۔ باہمی [illegible] اسی کی تبلیغ و اشاعت کی اور اس راہ میں آنے والی ہر تکلیف کو خوشدلی اور خندہ پیشانی سے قبول کیا اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹنے دیا۔

تاریخ عالم شاہد ہے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مقدس و مطہر ہستیاں دعوت حق پر لبیک کہی اور اپنے انمول جیش بہا خون سے تاریخ کی جادۂ وحدت پیشانی پر انجم و اختر کی طرح منور و تابناک روایات قائم کیں جو انسانیت کے لئے ابدی و سرچشمہ ہدایت اور مشعل راہ ہیں۔ انہیں میں خدا نیاز قربانی اور صبر و استقامت کی اس عظیم و ضخیم کتاب میں سید الشہداء امام معظم حضرت امام حسینؓ کی داستان حیثیت سے منفرد اور رفیع المرتبت ہے۔

اسلام نظام عدل و مساوات اور سراپا جمہوریت ہے اس میں سیاسی و سماجی اور مذہبی و اقتصادی امور اس طرح باہم مربوط و منسلک ہیں کہ انہیں جدا نہیں کیا جا سکتا۔ امور سلطنت کی انجام دہی کے لئے ایک خلیفۃ المسلمین چنا جاتا ہے جو بیک وقت خدا کا نائب، وکیل اور عوام کا مونس و غمخوار ہوتا ہے وہ اللہ کے احکام و ہدایات مخلوق پر نافذ و جاری کرتا ہے۔ مخلوق کی مشکلات دور کر کے انہیں پرامن باعزت اور خوشحال زندگی بسر کرنے کا موقع مہیا کرتا ہے۔ وہ امت میں ایمان و یقین، عمل، اخلاص، اخلاق و کردار اور تقویٰ و پرہیزگاری میں سب سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ وہ ملت اسلامیہ کا معزز ترین رکن ہوتا ہے اسے عوام کی منتخب و نمائندہ مجلس شوریٰ یہ ذمہ داریاں تفویض کرتی ہے اور امور سلطنت کی ادائیگی میں وہ بیک وقت خدا [illegible] اور عوام کو جواب دہ ہوتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ اور خلفاء راشدین کے دور تک اس اصول پر عمل درآمد ہوتا رہا لیکن امیر معاویہ کے دور خلافت میں انہیں بہت بڑی تبدیلی اور انقلاب رونما ہو گیا۔ انہوں نے اپنی زندگی ہی میں اپنے بیٹے یزید کو اپنا جانشین نامزد کر کے اس کے حق میں بیعت لینی شروع کر دی یہ وہ نازک مرحلہ تھا جہاں سے خلافت اسلامیہ ملوکیت کی طرف مڑنا شروع ہوئی یزید اول تو سیرت و کردار اور عادات و اطوار کے لحاظ سے اس منصب جلیلہ کا اہل ہی نہیں تھا۔ ثانیاً اسے جائز و باقاعدہ عوام یا مجلس شوریٰ نے اس منصب کیلئے منتخب نہیں کیا تھا اور نہ ہی اسے عوام کا اعتماد حاصل تھا۔ اس لئے اپنے اس ناجائز اقتدار کو محفوظ و مستحکم رکھنے کیلئے ہر جائز و ناجائز حربہ استعمال کیا اور اس ناجائز فیصلے کی مخالفت کرنے والے حق پرستوں پر ظلم و ستم کا بازار گرم کر کے ان پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔ اب حضرت امام حسینؓ جیسے منصف مزاج اور بے گناہ حق پرستوں کے پاس صرف تین راستے کھلے رہ گئے تھے۔

اول: یہ کہ یزید کی بیعت و حمایت کر کے ظلم و ناانصافی کا ساتھ دیتے اور عدل و انصاف کے اس پودے کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتے جو ان کے نانا رحمت للعالمینؐ نے لگایا تھا اور مادی فوائد و دنیاوی مفادات حاصل کر لیتے جیسا کہ یزید نے انہیں پیشکش کی تھی۔ چنانچہ علم و عالم کا شاہد ہے۔

دوم: یہ کہ اقرار و حمایت کرتے اور نہ انکار و مخالفت بلکہ گوشہ نشینی اختیار کر لیتے اور عوام کو ظلم و ستم کی چکی میں پسنے حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیتے اور خدا کا یہ دین رفتہ رفتہ ختم ہو جاتا لیکن یہ بھی درپردہ ظلم کی حمایت تھی۔ یہ صورت بھی یزید کو قابل قبول تھی اور امام صاحب اس سے بھی دنیاوی مفادات حاصل کر سکتے تھے۔

سوم: یہ کہ اس ناجائز فیصلے کی بھرپور مذمت اور ڈٹ کر مخالفت کرتے اللہ کے دین کی حفاظت اور اس کے حکم کی تعمیل کرتے اور خلق خدا کو ظلم و ستم سے نجات دلاتے یہ راستہ اگرچہ کٹھن، صبر آزما اور قربانی طلب تھا لیکن امام اہل حق نے اسے ہی اختیار فرمایا۔

کربلا کے لق و دق ریگزار اور قیامت خیز گرمی میں بھوک و پیاس سے تڑپتے رہے اور اپنے بھائی، اولاد اور دیگر عزیز اپنی آنکھوں کے سامنے شہید کروا دیئے۔ علی اصغر و علی اکبر جیسے جواہر یکتا نانا کے دین متین پر صدقے کر جا میں وار دیئے۔ گردن پر تلوار چلوا کر سجدہ شکر ادا کیا اور نیزے کے سر نیزے پر سج کر سربلند کائنات ہوتے لیکن نہ باطل کی حمایت کی اور نہ ہی مجبوراً چشم پوشی و مصلحت کوشی سے کام لیا۔

خالق کائنات ہزاروں بار اس جان کی محبت کو جو صادق نے عشق رسول اور عشق خدا پر قربان کر دیا۔ جس کی سواری بھینچے بنے جن کی نشست شانۂ مصطفےٰ بنی۔ جس کے گریہ پر سوار ہونے سے امام الانبیاء نے سجدوں کو لمبا فرما دیا جس کی دعاؤں سے کائنات کی تقدیریں پلٹ گئیں۔ جس کے اشاروں سے قسمتیں بدل گئیں۔ اگر وہ اگر چاہتے تو آن کی آن میں یزید کی ساری دنیا کا باطل فنا ہو سکتا تھا۔ وہ قادر مطلق جس کے قبضے میں کائنات کی تمام قوتیں ہیں اور ہر چیز کا ہاتھ جس کے اشارے پر حرکت میں آتی ہے۔ وہ مالک و مختار ہے۔ جس کے حکم سے [illegible] نے میدان جنگ کا نقشہ بدل کے رکھ دیا تھا۔ جس کے حکم سے بنی اسرائیل کے لئے دریا پھٹ گئے۔ اور فرعون غرق ہو گیا تھا۔ جو ہر شخص و اقتدار کا مالک و داتا ہے اگر چاہتا تو میدان کربلا کا نقشہ بدل کر رکھ دیتا لیکن یزید کو شکست دینا ہی اس کا مقصود و منشا تھا بلکہ مقصود یہ تھا کہ مستقبل کے لئے ایک ایسی مثال قائم کی جائے جو انسانیت کے لئے تاقیامت مشعل راہ ہو۔ اور مسلمانوں کی آئندہ نسلیں اس سانحۂ عظیم سے یہ درس عظیم حاصل کریں کہ جب بھی دنیا پر یزیدیت چھا جائے۔ اور باطل کی سلطنت قہر یزیدی ہو جائے۔ حق و صداقت کی حفاظت اور اسلام کے مقدس و پاکیزہ دامن کو کفر و شرک، ظلم و فسق و عصیان کی آلودگیوں سے بچایا جائے۔ یہی فلسفۂ شہادت ہے اور یہی مقصد تھا جو ہر جوش حریت فرد جیسے جابر و ظالم حکمران اور دیگر باطل قوتوں سے [illegible] کے خونخوار بھیڑیوں سے مقابلہ کیا جائے اور اپنے خدا کے لئے یزیدی شاہی چند روزہ دنیاوی [illegible]۔ جبکہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار رفیقوں کی بقا و تجمعت و کامیابی ابدی سعادتی فتح و کامرانی بن کر تاقیامت عالم پر چھائی نمودار رہے گی۔ ■

[illegible] [illegible] [illegible]
[illegible] زندگی کا ملیش طرب ہے
[illegible] اللہ کا شکر [illegible]
صبر و استقامت بخشی اگر میں یزید کی بیعت
پر راضی ہو جاتا تو میری یہ [illegible] تو
[illegible] اس امر کی ہے کہ مسلمانوں کے لئے
صبر و شکر، ایثار و قربانی اور حق پرستی کی بنیاد
رکھی تا کہ مسلمانوں کی آئندہ نسلیں اس پر
عمارت تعمیر کر سکیں۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳ ، شمارہ ۲۱ — کریسنٹ — ٹورانٹو کینیڈا — ۱۵ جنوری ۱۹۷۵ء

خصوصی اشاعت

زلزلہ زدہ علاقوں میں خوراک، ادویات اور گرم کپڑے جلد پہنچائے جائیں

امدادی سامان کو خورد برد ہونے سے بچانے کے لیے تقسیم کا کام فوج کے سپرد کیا جائے

پٹن اور نواحی علاقوں کا سہ روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد متحدہ جمہوری محاذ کے رہنماؤں کا بیان




وزیر اعظم بھٹو فروری میں امریکہ کا سرکاری دورہ کریں گے

آگ اینڈھن نہ ملنے کے باعث بھارت کا ایٹمی بجلی گھر بند ہو گیا

بھارت اور کینیڈا میں ایٹمی امداد کے بارے میں مذاکرات ختم ہو گئے

روس نے پاکستان کو گراں قدر اقتصادی امداد دی ہے

روس امریکہ مفاہمت سے متعدد ممالک کے تعلقات بہتر ہو جائیں گے



حادثہ کربلا

اے کربلا کی خاک اس احسان کو نہ بھول
تڑپی ہے تجھ پہ لاش جگر گوشۂ بتولؓ
اسلام کے لہو سے تری پیاس بجھ گئی
سیراب کر گیا تجھے خونِ رگِ رسولؐ
دیتی ہے تجھ کو درس شہادت حسینؓ کی
"آزادیِ حیات کا ہے سرمدی اصول
"چڑھ جائے کٹ کے سر ترا نیزے کی نوک پر
لیکن یزیدیوں کی اطاعت نہ کر قبول"
تھی داستاں دراز بھی اور دلگداز بھی
لیکن کہاں ہے تاب دیا جائے اسکو طول

مولانا ظفر علی خانؒ

حالیہ زلزلہ کوئٹہ کے قیامت خیز زلزلے سے بھی زیادہ تباہ کن ثابت ہوا

حکومت متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لائے گی

تباہ شدہ علاقوں کا دورہ کرنے کے بعد وزیر اعظم کی یقین دہانی

زلزلے کا مرکز پٹن سے ۳۰ میل دور تھا